ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(365)

مورخہ06.07.23

## بہاولپور(      )ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 04ملزمان گرفتار۔ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 04عدد چوری شدہ موٹر سائیکل لال واٹر پمپ ونقدی برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اورڈی پی او بہاولپورسید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 04ملزمان طارق ،راشد،عمراوراورنگزیب کوگرفتار کرلیا،جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 04عدد چوری شدہ موٹر سائیکل لال واٹر پمپ اور نقد رقم مبلغ -/95000روپے برآمد کر لئے۔ پولیس نے مختلف مقدمات میں ریکور شدہ موٹر سائیکل و دیگر مال مسروقہ مالکان کے حوالے کر دیا۔ڈی پی اوسید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جا رہا ہے تا کہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کواپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی اوسید محمد عباس کے احکامات، تھانہ صدر یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، لاکھوں روپے مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل، نقدی و دیگر مال مسروقہ برآمد، ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (366)

مورخہ 06.07.23

**بہاولپور(　　)ڈی پی او سید محمد عباس نے محرم الحرام سے قبل بہاولپور کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے اور تمام قومی وصوبائی شاہراہوں سمیت ضلع بھر کی تمام سڑکوں کو محفوظ بنانے کے لئے موثر پولیس پٹرولنگ کے احکامات جاری کر دیئے، ہر قسم کی مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو وارداتوں سے محفوظ رکھنا ہمارا اولین فرض ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر آف جنوبی پنجاب کی پالیسی 'جرائم سے پاک معاشرہ' اس ضمن میں جاری ہدایات کی روشنی اور 24/7 پولیسنگ کا تسلسل میں ڈی پی او سید محمد عباس نے محرم الحرام سے قبل ضلع بھر کے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی حکمرانی کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی اس بات پر منحصر ہے کہ شہر کے داخلی وخارجی راستے، مارکیٹس، رہائشی علاقے اور عام سڑکیں کس قدر محفوظ ہیں، انہوں نے کہا کہ "پرامن بہاولپور " کی منزل حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور شاہراہوں کو ہر حوالے سے محفوظ بنایا جائے۔اس ضمن میں سڑکوں پر پولیس کی پٹرولنگ ناگزیر ہے جسے ضلع بھر میں لازمی قرار دے دیا گیا ہے، پٹرولنگ کو میں خود مانیٹر کروں گا، پٹرولنگ کرنے والے افسران کی پوزیشن پوچھوں گا اسے کاؤنٹر چیک کرایا جائے گا،ڈی پی او سید محمد عباس نے کہا کہ ہم موثر گشت کو یقینی بناتے ہوئے قومی شاہراہ سمیت ضلع کی تمام بڑی اور ضمنی سڑکوں کو سنگین وارداتوں سے محفوظ بنائیں گے اور ان پر ٹریفک کی روانی کو بھی یقینی بنایا جائے گا کیونکہ محفوظ شاہرات" محفوظ بہاولپور " کی ابتدا ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس نے محرم الحرام سے قبل بہاولپور کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے کے متعلق احکامات جاری کر دیئے